# ریاض الصالحین

Date:
Day:

فرمانِ مصطفیٰ

* جہنم سے بچنے کی کوشش کرو خواہ کھجور کا ایک ٹکڑے کے ذریعے ہو اور جس شخص کو یہ بھی نہ ملے تو وہ اچھی بات کے ذریعے بچنے کی کوشش کرے۔

* اچھی بات صدقہ ہے۔

* تم کسی بھی نیکی کو حقیر نہ سمجھو۔ خواہ وہ تمہارا اپنے بھائی سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملنا ہو۔

* نبی کریم ﷺ جب بات کرتے تھے تو اپنے الفاظ تین مرتبہ دہرایا کرتے یہاں تک کہ بات اچھی طرح سمجھ آ جائے اور جب آپ لوگوں کے پاس تشریف لاتے تھے تو انہیں تین مرتبہ سلام کرتے تھے۔

* نبی ﷺ کو فرماتے سنا آدمی کو طویل نماز ادا کرنا اور مختصر خطبہ دینا اس کے سمجھدار ہونے کی نشانی ہے اس لیے تم نماز طویل پڑھا کرو اور خطبہ مختصر دیا کرو۔

* حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے نبی کریم کو کبھی بھی منہ پھاڑ کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ کا کوا نظر آ جائے۔ آپ صرف مسکرایا کرتے تھے۔

* نماز علم اور اس جیسی عبادات کے لیے سکون اور وقار کے ساتھ چل کر آنے کا مستحب ہے۔

* نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب نماز قائم ہو جائے تو تم دوڑتے ہوئے اس کے پاس نہ آؤ بلکہ چلتے ہوئے اس کی طرف آؤ اور سکون سے آؤ اور جو نماز ملے اسے ادا کرو اور جو گزر چکی ہے اسے بعد میں ادا کر لو۔

مسلم کی روایت میں ہے: کوئی شخص نماز کی طرف جائے تو وہ نماز کی حالت میں شمار ہوتا ہے۔

Date: ____________

Day: ____________

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے مہمان کی عزت افزائی کرے اور جو کوئی شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے رشتہ داروں کے حقوق کا خیال رکھے جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے تو وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔

★ س: ~~[illegible]~~ اپنے مہمان کی جائزہ کے طور پر مہمان نوازی سے مراد کیا ہے؟

ج نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک دن (اہتمام کے ساتھ دعوت کرنا) تین دن عام مہمان نوازی کرنا اس کے بعد اگر وہ مہمان نوازی کرے تو یہ اس کی طرف سے اس کے لیے صدقہ ہوگا۔

★ کسی مسلمان کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی کے پاس اتنا عرصہ رہے کہ اسے گناہ گار کر دے لوگوں نے عرض کی، یا رسول اللہ! وہ اسے گنہگار کیسے کرے گا۔ آپ نے فرمایا وہ اس کے پاس ٹھہرا رہے یہاں تک کہ اس میزبان کے پاس کوئی ایسی چیز نہ رہے کہ جو اس کے سامنے پیش کر سکے۔

★ خوشخبری دینے اور نیکی کے کام میں مبارک باد دینے کا مستحب ہونا

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام سابقہ گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور ہجرت بھی سابقہ تمام گناہوں کو ختم کر دیتی ہے اور حج بھی سابقہ تمام گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی لشکر کو الوداع کہتے تھے تو فرمایا کرتے تھے میں تمہارے دین، امانت اور اختتامی اعمال کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

Date: ______

Day: ______

★ عید کے لیے، بیمار کی عیادت کے لیے، حج کے لیے، جنگ کے لیے، جنازے کے لیے اور اس جیسے دیگر کاموں کے لیے ایک راستے سے جانا اور دوسرے راستے سے واپس آنا تاکہ عبادت کے مقامات زیادہ ہو جائیں مستحب ہے۔

★ ہر معزز کام میں دائیں حصے کو پہلے کرنا مستحب ہے۔

★ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی کریم کو ہر کام دائیں طرف سے کرنا پسند تھا۔

★ انہی سے روایت ہے کہ نبی کریم کا دایاں ہاتھ وضو کرنے اور کھانے کے لیے تھا۔ اور بایاں ہاتھ قضائے حاجت کرنے اور گندگی والی چیزوں کے لیے تھا۔

★ کھانے میں عیب نہ نکالنا اور اس کی تعریف کرنا مستحب ہے۔

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کھانے میں عیب نہیں نکالا جو آپ کو ناپسند ہوتا تھا آپ اسے چھوڑ دیتے تھے۔

★ نبی کریم نے گھر والوں سے سالن مانگا تو انہوں نے کہا ہمارے پاس صرف سرکہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے منگوایا آپ نے اسے کھانا شروع کیا اور فرمایا۔ سرکہ بہترین سالن ہے۔ سرکہ بہترین سالن ہے۔

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب کسی شخص کو دعوت دی جائے تو وہ اسے قبول کر لے۔ اگر وہ روزہ دار ہو تو دعا کر دے اور اگر اس نے روزہ نہ رکھا ہو تو کھا لے۔

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اکٹھے ہو کر کھایا کرو اور اس پر اللہ کا نام لے لیا کرو۔ اس میں تمہارے لئے برکت ہوگی۔

" " " : اپنے آگے سے کھاؤں۔

" " " : برکت کھانے کی چیز کے درمیان میں نازل ہوتی ہے۔ اس لیے تم اسے کناروں کی طرف سے کھاؤں درمیان سے نہ کھاؤ۔

Date: ____________

Day: ____________

* نبی کریم ﷺ کا ایک پیالہ تھا جس کا نام غرا تھا اس کو چار آدمی اٹھایا کرتے تھے۔
* نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔
* تین انگلیوں کے ساتھ کھانا مستحب ہے۔
* انگلیوں کو چاٹنا مستحب ہے۔
* انہیں چاٹنے سے پہلے انہیں پونچھنا مکروہ ہے۔
* پیالے کو چاٹنا مستحب ہے۔
* جو لقمہ گر جائے تو اُسے اٹھا کر کھا مستحب ہے۔
* چاٹنے کے بعد انگلیوں کو کلائی یا پاؤں یا اس کے علاوہ کسی اور چیز سے پونچھ لینا جائز ہے۔
* نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو کا کھانا تین آدمیوں کے لیے کافی ہوتا ہے تین کا کھانا چار آدمیوں کے لیے کافی ہوتا ہے
* پینے کے آداب، برتن سے باہر تین مرتبہ سانس لینا مستحب ہے۔
* برتن کے اندر سانس لینا مکروہ ہے۔
* برتن کو دائیں طرف والے لوگوں کو پہلے دینا مستحب ہے۔
* مشکیزے کے منہ سے یا اس طرح کی کسی اور چیز کے منہ سے پینا مکروہ ہے۔ مکروہ تنزیہی ہے۔
* پینے کی چیز میں منہ مارنا مکروہ ہے۔
* کھڑے ہو کر پینا جائز ہے، زیادہ کامل اور افضل طریقہ بیٹھ کر پینا ہے۔
* پلانے والے کا سب سے آخر میں خود پینا مستحب ہے۔
* سونے اور چاندی کے علاوہ ہر طرح کے برتن میں پینا جائز ہے۔
* نہر وغیرہ میں ہاتھ ڈالے بغیر منہ لگا کر پینا جائز ہے۔

Date: ____________

Day: ____________

★ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ریشمی کپڑا اور چیتے کی کھال پر سوار نہ ہو

★ نبی کریم ﷺ نے درندوں کے چمڑوں پر بیٹھنے! لباس کا طور پر پہننے سے منع کیا ہے۔

★ لباس میں دائیں طرف سے آغاز کرنا مستحب ہے۔

★ حضور ﷺ جب بستر پر تشریف لے جاتے تھے تو دائیں ﷺ طرف لیٹتے تھے۔

★ سیدہ عائشہ (رضی اللہ عنہا) بیان کرتی ہیں نبی کریم رات کے وقت گیارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے۔ جب صبح صادق ہو جاتی تو دو مختصر رکعات ادا کیا کرتے تھے پھر دائیں پہلو کے بل لیٹ جایا کرتے تھے یہاں تک کہ مؤذن آتا آپ کو

★ نبی کریم نے اس شخص پر لعنت کی ہے جو ~~[illegible]~~ محفل کے درمیان میں آ کر بیٹھے

★ نبی کریم نے فرمایا: سب سے بہتر مجلس وہ ہے جس میں گنجائش زیادہ ہو۔

★ مومن کا خواب نبوت کا 46 واں حصہ ہے۔

★ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص برا خواب دیکھے تو اپنے بائیں طرف تین بار تھوک دینا چاہیے اور شیطان کے شر سے اللہ تعالیٰ سے تین بار پناہ مانگنی چاہیے۔ اور جس پہلو کے بل وہ سو رہا ہو اسے تبدیل کر لینا چاہیے۔

★ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں سات چیزوں کا حکم دیا (1) بیمار کی عیادت کرنا (2) جنازے کے ساتھ جانا (3) چھینکنے والے کو جواب دینا (4) کمزور کی مدد کرنا (5) مظلوم کی مدد کرنا (6) سلام میں پھیلانا (7) قسم پوری کروانا

★ نبی کریم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے زیادہ نزدیک وہ شخص ہوگا جو سلام میں پہل کرے۔

★ سلام کی تکرار مستحب ہے

★ جو شخص کسی ایک گھر میں داخل ہو اس کے لیے سلام کرنا مستحب ہے۔

★ کافر کو پہلے سلام کرنا حرام ہے۔

Date: ______________

Day: ______________

* جب کوئی شخص محفل سے کھڑا ہو یا اپنے ساتھی یا ساتھیوں سے جدا ہونے لگے تو سلام کرنا مستحب ہے

narzo Shot on narzo 50

[illegible]

Date: ____________

Day: ____________

ریاض الصالحین (کتاب اللباس)

"سفید کپڑے کو پہننا مستحب ہے۔"

* سرخ، سبز یا سیاہ کپڑے کو پہننا جائز ہے۔

* اون، کتان کے بالوں سے بنا اس طرح کے دوسرے کپڑے کو پہننا جائز ہے۔

* ریشم کو پہننا جائز نہیں ہے۔

"حدیث"

* نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: سفید کپڑے پہنا کرو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں سب سے بہتر ہے اور انہی میں اپنے مردوں کو کفن دو۔

* نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سفید لباس پہنا کرو کیونکہ یہ زیادہ پاکیزہ اور عمدہ ہوتا ہے اور اسی میں اپنے مردوں کو کفن دو۔

* نبی کریم ﷺ جب فتح مکہ کے دن (مکہ میں) داخل ہوئے تو آپ نے سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا۔

* سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، نبی کریم ﷺ کو روئی سے بنے ہوئے تین سوتی کپڑوں میں کفن دیا گیا۔ ان میں قمیص اور عمامہ شامل نہیں تھا۔

* "قمیص پہننا مستحب ہے۔"

* نبی کریم ﷺ کو لباس میں سب سے زیادہ قمیص پسند تھی۔

* "قمیص کی لمبائی کا بیان اس کی آستین، تہبند، عمامے کے سرے کا بیان

اس میں سے کسی بھی چیز کو تکبر کے طور پر لٹکانا حرام ہے اور تکبر کے بغیر لٹکانا مکروہ ہے۔"

* سیدہ اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی کریم ﷺ کی قمیص کی آستین کلائی تک تھیں۔

* نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص تکبر کے طور پر اپنے کپڑے کو لٹکائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔

* نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ٹخنوں سے نیچے جو کپڑا ہوگا وہ جہنم میں ہوگا۔

* حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تین لوگ ایسے ہیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کے ساتھ کلام نہیں کرے گا، ان کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا، انکا تزکیہ نہیں کرے گا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔ تو حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یہ تو برباد ہو گئے یہ لوگ کون ہیں؟ آپ نے جواب دیا۔

Date: ____________

Day: ____________

① تکبر کے طور پر کپڑا لٹکانے والا ② احسان جتانے والا ③ اور جھوٹی قسم اٹھا کر مال فروخت کرنے والا

* حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نبی کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اسبال تہبند اور شلوار قمیص میں ہے تو جو شخص تکبر کے طور پر اسے لٹکائے گا

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نظر رحمت نہیں کرے گا۔

* سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: خواتین اپنے دامن کے بارے میں کیا کریں؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ایک بالشت

لٹکا سکتی ہیں۔ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اس صورت میں ان کے قدم ظاہر ہو جائیں گے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

وہ ایک بالشت تک لٹکا سکتی ہیں لیکن زیادہ نہ کریں۔ * "لباس میں تواضع اختیار کرتے ہوئے عمدگی کو ترک کرنا مستحب ہے۔"

* نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جو اللہ کی بارگاہ میں تواضع کی خاطر اچھا لباس ترک کرے گا حالانکہ وہ اسے پہن سکتا ہو تو

اللہ تعالیٰ سب لوگوں کی موجودگی میں اسے بلائے گا اور اختیار دے گا کہ وہ ایمان کا جو بھی حلہ چاہے اسے پہن سکتا ہے۔

* "درمیانے درجے کا لباس پہننا مستحب ہے اور اس بارے میں ایسے لباس کو نہیں پہننا چاہیے جس کی ضرورت نہ ہو اور نہ ہی شریعت اس کی [illegible]"

* نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند کرتا ہے، اس نے اپنے بندے پر جو نعمت کی ہے اس کا اثر دکھائی دے۔

* "ریشمی لباس پہننا مردوں کے لیے حرام ہے، اس پر بیٹھنا حرام ہے اور اس کے ساتھ ٹیک لگانا بھی حرام ہے

جبکہ خواتین کے لیے اسے پہننا جائز ہے۔"

* نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ریشم نہ پہنو کیونکہ جو شخص دنیا میں اسے پہنے گا آخرت میں اسے نہیں پہن سکے گا

* نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو ریشم پہننے کی اجازت دی تھی

کیونکہ ان دونوں حضرات کو خارش تھی

* نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ریشمی کپڑا پہننا اور سونا پہننا میری امت کے مردوں کے لیے حرام ہے۔

حلال

اور عورتوں کے لیے جائز ہے۔

Shot on narzo 50
2024.02.13 16:04